نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment Twitter:@agri_department

پریس ریلیز

گندم کے کاشتکار اپنی فصل کا باقاعدگی سے معائنہ کریں اور کنگی کی علامات ظاہر ہونے پر محکمہ زراعت پنجاب کے مقامی ماہرین کے مشورہ سے سپرے کریں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

لاہور05فروری2024: (   )ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق شعبہ پیسٹ وارننگ اینڈ کوالٹی کنٹرول آف پیسٹی سائیڈز کی رپورٹ کے مطابق تا حال راولپنڈی، نارووال، لیہ، مظفر گڑھ، ڈیرہ غازی خان اور راجن پور کے علاقوں میں گندم کی فصل پر کنگی کا حملہ مشاہدہ میں آیا ہے۔اس ضمن میں گندم کے کاشتکاروں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ اپنی فصل کا باقاعدگی سے معائنہ کریں اور کنگی کی علامات ظاہر ہوتے ہی محکمہ زراعت پنجاب کے مقامی ماہرین کے مشورہ سے سپرے کریں۔اگر حملہ ٹکڑیوں کی صورت میں ہو تو ٹکڑیوں پر سپرے کریں۔اگر پورے کھیت میں حملہ ہو تو مکمل فصل پر سپرے کریں اور صرف چند پودوں پر حملہ مشاہدہ میں آئے تو اُن پودوں کو اُکھاڑ کر زمین میں دبا دیں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے کہا کہ سیکرٹری زراعت پنجاب نادر چٹھہ نے تمام فیلڈ فارمیشنز کو گندم کے کاشتکاروں کی راہنمائی کی خصوصی ہدایات کیں ہیں اور محکمہ زراعت کی فیلڈ فورس کاشتکاروں کے شانہ بشانہ شریک ہے۔کاشتکاروں کی گندم کی آبپاشی، بیماری ودیگر نگہداشتی اُمور سے متعلق راہنمائی کی جارہی ہے۔

☆☆☆☆